# ہدایات برائے گیارہویں جماعت

## حصہ اول معروضی کل نمبر20

سوال نمبر 1: زبان شناسی تنقید اور استحسان وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل ہیں، کے مطابق 20 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔

## حصہ دوم کل نمبر48

**سوال نمبر2: جزو الف حصہ نثر 6x4=24**

نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 150 سے 200 الفاظ کو محیط ہو گی جو کہ گیارہویں جماعت کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے گیارہویں جماعت کے حاصلات تعلم کے روشنی میں 06 سوالات بنائے جائیں گے۔ یہ عبارت قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل مصنفین کی تحریروں سے دی جائے گی تاہم یہ بات ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو ب حصہ نظم 3x4=12**

اس حصہ میں دیے گئے نظمیہ بند یا اشعار قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل شعراء کی نظمیہ شاعری سے لیے جائیں گے تاکہ حاصلات تعلم کی روشنی میں تین سوالات بنائے جا سکیں۔ نظمیہ اشعار یا نظم پارے کے انتخاب میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو ج حصہ غزل 1x4=4**

اس حصہ میں گیارہویں جماعت کی ذہنی سطح دو غزلیہ اشعار دیئے جائیں گے جن سے ایک سوال بنایا جائے گا۔ یہ غزلیہ اشعار قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل اشعار کی غزلیات سے دیئے جائیں گے۔ ان غزلیہ اشعار میں یہ بات لازم ملحوظ

خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات یا الفاظ ایسا نہ ہو جس میں کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو د حصہ قواعد 2x4=8**

اس حصے میں قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل زبان شناسی، استحسان اور تنقید کی مہارت اور ذیلی مہارتوں کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے کوئی سے بھی 2 سوالات دیے جائیں گے۔

**حصہ سوم کل نمبر 32**

**سوال نمبر 3:** اس سوال میں مناسب طوالت کی ایک ایسی دو عبارت یا اقتباسات دیے جائیں گے جن میں کم از کم چھ سے اٹھ وضاحت طلب نکات ہوں۔ گیارہویں جماعت کے ذہنی سطح کی یہ عبارات یا اقتباسات قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گے جن کے لیے یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کے اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ **6 نمبر**

**سوال نمبر 4:** اس سوال میں قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے گیارہویں جماعت کی ذہنی سطح کے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ ان نظم پاروں میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ **7 نمبر**

**سوال نمبر 5:** اس سوال میں قومی نصاب 2006 برائے گیارہویں جماعت میں شامل شعراء کی نظمیہ شاعری سے گیارہویں جماعت کی ذہنی سطح کی زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے ان نظم پاروں میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ ان میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو، جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ **9 نمبر**

**سوال نمبر6:** اس سوال میں گیارہویں جماعت کے حاصلات تعلم کے مطابق غیر رسمی خط، بنام مدیر یا کوئی آرٹیکل لکھنے کا بھی دیا جا سکتا ہے۔ نیز داخلہ فارم یا شناختی کارڈ فارم بھی پر کرنے کے لیے دیے جا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مکالمہ یا روداد وغیرہ بھی پوچھے جا سکتے ہیں۔ **5 نمبر**

**سوال نمبر7:** اس سوال میں کہانی پر مبنی سوال پوچھا گیا ہے تاہم محکمانہ ترقی و تبادلے کی درخواست، کھیلوں یا، معاشرتی مسائل پر اخبار یا مدیر کے نام / متعلقہ محکمے کو رپورٹ لکھنے کا سوال بھی دیا جا سکتا ہے۔ **5 نمبر**

نوٹ: پرچے میں سوالات کے Cognitive domain کی شرح تقریباً یوں ہو گی سمجھنا ٪50، یاد میں لانا ٪30 اور لاگو کرنا ٪20۔ ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sign. of Candidate ___________

Sign. of Invigilator ___________

## اردو (لازمی) برائے گیارہویں جماعت

ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل (کل نمبر: 20، وقت: 25 منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ **لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر 1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پُر کریں۔

(1) کنایہ کے کتنے اجزا ہوتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ایک ☐ | (B) | دو ☐ |
| (C) | تین ☐ | (D) | چار ☐ |

(2) "پتھر کو گوہر کہہ کہہ کر بدتر کو بہتر کہہ کہہ کر" اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | تلمیح ☐ | (B) | تکرار ☐ |
| (C) | لف ونشر ☐ | (D) | تضمین ☐ |

(3) کرداروں کی حرکات وسکنات اور مکالموں کے ذریعے پیش کی جانے والی کہانی کو کیا کہتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | ناول ☐ | (B) | افسانہ ☐ |
| (C) | سفرنامہ ☐ | (D) | ڈراما ☐ |

(4) "چائے چولہے پر رکھی ہے۔" یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | تشبیہ ☐ | (B) | کنایہ ☐ |
| (C) | مجاز مرسل ☐ | (D) | استعارہ ☐ |

(5) وہ تمام الفاظ جو فعل کے معنوں کی وضاحت کریں، کیا کہلاتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | فعل ناقص ☐ | (B) | متعلق فعل ☐ |
| (C) | فعل تام ☐ | (D) | معاون فعل ☐ |

(6) "ایک سب آگ، ایک سب پانی　　دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں" اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعت ابہام ☐　　(B) صنعت مراعاۃ النظیر ☐

(C) صنعت تضمین ☐　　(D) لف و نشر ☐

(7) غیر رسمی خطوط کس کو لکھے جاتے ہیں؟

(A) عزیز و اقارب کو ☐　　(B) اخبار کے مدیر کو ☐

(C) سرکاری افسر کو ☐　　(D) دفتری ملازمین کو ☐

(8) ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں فتنہ و فساد، کسی شہر کی یا ملک کی سیاسی و اقتصادی تباہی کا ذکر ہو؟

(A) مرثیہ ☐　　(B) رباعی ☐

(C) شہر آشوب ☐　　(D) قصیدہ ☐

(9) "بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق　　عقل ہے محوِ تماشائے لب بام ابھی" اس میں استعمال ہونے والی صنعت ہے؟

(A) صنعت تلمیح ☐　　(B) صنعت لف و نشر ☐

(C) صنعت تکرار ☐　　(D) صنعت تضاد ☐

(10) "بعض ڈرائیور احتیاط سے گاڑی چلاتے ہیں۔" اس جملے میں متعلق فعل کیا ہے؟

(A) بعض ڈرائیور ☐　　(B) احتیاط سے ☐

(C) گاڑی ☐　　(D) چلاتے ہیں ☐

(11) تشبیب کس صنفِ شاعری کا ایک اہم حصّہ ہے؟

(A) قصیدہ ☐　　(B) مثنوی ☐

(C) منقبت ☐　　(D) شہر آشوب ☐

(12) "بڑی مچھلی، لوٹا، پنڈی ایکسپریس" قواعد کی رو سے کس کی مثالیں ہیں؟

(A) کنایہ ☐　　(B) مجاز مرسل ☐

(C) سلینگ الفاظ ☐　　(D) محاورہ ☐

(13) قواعد کی رو سے کس میں حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق پایا جاتا ہے؟

(A) کنایہ ☐　　(B) مجاز مرسل ☐

(C) استعارا ☐　　(D) محاورہ ☐

(14) "اس نے کھانا کھالیا۔" اس جملے میں لفظ "لیا" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟

(A) فعل ناقص ☐　　(B) فعل مستقبل ☐

(C) فعل جاری ☐　　(D) معاون فعل ☐

(15) سبب کہہ کر مسبب مراد لینا کو قواعد میں کیا کہتے ہیں؟

(A) کنایہ ☐　　(B) مجاز مرسل ☐

(C) استعارا ☐　　(D) تشبیہ ☐

(16) یہ کام آئیں نہ آئیں ہم انہی سے کام لیتے ہیں　　"گلوں سے خار بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں" یہ کس صنعت کی مثال ہے؟

(A) صنعت لف و نشر ☐　　(B) صنعت تضمین ☐

(C) صنعت تضاد ☐　　(D) صنعت تجنیس ☐

(17) "اے التفات یار مجھے سوچنے تو دے    جینے کا ہے مقام یا مرنے کا ہے محل" اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعت تضاد ☐ (B) صنعت حسن تعلیل ☐

(C) صنعت لف و نشر ☐ (D) مبالغہ ☐

(18) قواعد کی رو سے کسی لفظ سے ایک یا ایک سے زائد لفظ اخذ کرنا جب کہ ان کے درمیان لفظ اور معنی میں باہم نسبت ہو کو کیا کہتے ہیں؟

(A) اشتقاق ☐ (B) مرکب مصدر ☐

(C) تھیسارس ☐ (D) مجاز مرسل ☐

(19) تھیسارس یونانی زبان سے انگریزی میں آیا اور آج کل اس کا مطلب ہے:

(A) ذخیرہ الفاظ ☐ (B) سلینگ لفظ ☐

(C) ضرب الامثال ☐ (D) کہاوتیں ☐

(20) "چھلانگ لگانا۔ روٹی کھانا" قواعد کی رو سے کس کی مثالیں ہیں؟

(A) مرکب مصادر ☐ (B) فعل ناقص ☐

(C) مرکب عطفی ☐ (D) مرکب اضافی ☐

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے گیارہویں جماعت
## اردو(لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:35 گھنٹے | کل نمبر: 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 48)

**سوال نمبر2: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:** **(6 x 4 = 24)**

جب تک انسانوں میں یہ خیال ہے کہ ہماری اصلاح و ترقی، گورنمنٹ پر یا قوم کے عمدہ انتظام پر منحصر ہے اس وقت تک کوئی مستقل اور برتاؤ میں آنے کے قابل نتیجہ اصلاح و ترقی کا قوم میں پیدا نہیں ہو سکتا۔ گو کیسی ہی عمدہ تبدیلیاں گورنمنٹ یا انتظام میں کی جاویں۔ وہ تبدیلیاں فانوسِ خیال سے کچھ زیادہ رتبہ نہیں رکھتیں، جس میں طرح طرح کی تصویریں پھرتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں مگر جب دیکھو تو کچھ بھی نہیں۔ مستقل اور مضبوط آزادی سچی عزت اور اصلی ترقی شخصی چال چلن پر منحصر ہے اور وہی شخصی چال چلن قومی ترقی کا بڑا ضامن ہے جان اسٹیورٹ مل (John Stewart Mill) جو ایک بہت بڑا دانا حکیم گزرا ہے، کا قول ہے کہ "ظالم اور خود مختار حکومت بھی زیادہ خراب نتیجے نہیں پیدا کر سکتی۔ اگر اس کی رعایا میں شخصی اصلاح اور شخصی ترقی موجود ہے اور جو چیز کہ شخصی اصلاح و شخصی ترقی کو دبا دیتی ہے در حقیقت وہی شے اس کے لیے ظالم و خود مختار گورنمنٹ ہے پھر اس شے کو چاہو جس نام سے پکارو"۔ اس مقولہ پر میں اس قدر اور زیادہ کرتا ہوں کہ جہاں شخصی اصلاح و شخصی ترقی مٹ گئی یا دب گئی ہے وہاں کیسی ہی آزاد اور عمدہ گورنمنٹ کیوں نہ قائم کی جائے وہ کچھ بھی عمدہ نتیجے پیدا نہیں کر سکتی۔

انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی خضر ملے، گورنمنٹ فیاض ہو اور ہمارے سب کام کر دے اس کے یہ معنی ہیں کہ ہر چیز ہمارے لئے کی جاوے اور ہم خود نہ کریں یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر اس کو ہادی و رہنما بنایا جاوے، تو تمام قوم کی دلی آزادی کو برباد کر دے اور آدمیوں کو انسان پرست بنا دے۔

**سوالات:**

i. گورنمنٹ میں کی جانے والی تبدیلیاں کیوں فانوسِ خیال کا درجہ رکھتی ہیں؟

ii. کوئی بھی عمدہ گورنمنٹ بہترین نتائج کیوں پیدا نہیں کر سکتی؟

iii. "کوئی خضر ملے" سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

iv. اپنے الفاظ میں واضح کریں کہ "ہر چیز ہمارے لئے کی جاوے اور ہم خود کچھ نہ کریں"۔

v. جان اسٹیورٹ مل نے اپنی مدد آپ کے حوالے سے کیا کہا ہے؟

vi. اس عبارت کا خلاصہ لکھیں؟

**یا**

اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیے

**(ب) حصہ نظم:**

**مندرجہ ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** **(3 x 4 = 12)**

غربت کی بھی ہوتی ہے عجب صبح عجب شام — کرتا ہے سفر قافلہ راحت و آرام
وہ دشت نوردی وہ غم و صدمہ و آلام — منزل پہ ممکن نہیں راحت کا سرانجام
نیند آتی ہے کب لاکھ جو پٹکے وہ سر اپنا — یاد آتا ہے منزل پہ مسافر کو گھر اپنا

**سوالات:**

i. دوسرے مصرعے کا مرکزی خیال لکھیے۔

ii. مسافر کو منزل پر پہنچنے پر نیند آجاتی ہے اگر نہیں۔ تو کیوں؟

iii. اس بند کو کس ہیئت میں لکھا گیا ہے واضح کریں؟ **یا** پہلے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

**یا**

خوشبو سے اُن گلوں کی ہوا دشت باغ باغ — غنچے کھِلے، ہرے ہوئے بلبل کے دل کے داغ

پہنچا سرِ فلک پہ ہر اک کوہ کا دماغ — دریا نے بھی حبابوں کے روشن کیے چراغ

خورشید بن گئے طبقے ارض پاک کے — تاروں کو گرد کر دیا ذروں نے خاک کے

**سوالات:**

i. اس بند کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ ii. "پہنچا سر فلک پہ ہر اک کوہ کا دماغ" اس مصرعے کا مفہوم لکھیں۔

iii. پہلے شعر میں کون کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے، نشان دہی کرتے ہوئے اس کی تعریف لکھیں؟

**یا**

"دریا نے بھی حبابوں کے روشن کئے چراغ" اس مصرعے میں علم بیان کی پائی جانے والی خوبی کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کی تعریف لکھیں؟

(ج) **حصہ غزل:**

**مندرجہ ذیل غزلیہ اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوال کا جواب لکھیں:** (1 x 4 = 4)

i. افسوس ہے کہ ہم تو رہے مستِ خوابِ صبح — اور آفتاب عمر لب بام آگیا

ii. پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے — رکتی ہے میری طبع تو ہوتی ہے رواں اور

**سوالات:**

نالوں کا چڑھ جانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

**یا**

پہلے شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

(د) **حصہ قواعد:**

**درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں:** (2 x 4 = 8)

i. شہر آشوب کس نظم کو کہتے ہیں؟

ii. معاون فعل کی وضاحت کریں اور کوئی سے دو مصادر کو بطور معاون فعل جملوں میں استعمال کریں۔

**یا**

تشبیہ اور استعارا کی ایک ایک مثال دے کر دونوں میں فرق واضح کریں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (6)

صحت میں علاج کی سہولتوں اور ورزش اور محنت کے علاوہ کچھ دخل خوراک کا بھی ہے۔ چینی روغن جوش نہیں کھاتے، سادہ خوراک کھاتے ہیں۔ یہ رواج ہمارے ہاں کا ہے کہ جب تک کسی چیز کے تمام اجزاء کو جن میں وٹامن یا دوسری غذائیتیں ہونے کا خطرہ ہو، پوری طرح ضائع نہ کر دیا جائے مزا نہیں آتا۔ خیر اس مسئلے پر ہم زیادہ زور نہیں دینا چاہتے کیونکہ بہت سے ڈاکٹر، حکیم ہمارے حلقہ احباب میں ہیں ان کی خوشحالی پر آنچ آنے سے ہم سے خوش نہ ہوں گے تاہم گھروں کی اور کوچوں و بازاروں کی صفائی ہمیں بھی پسند ہے۔ وہاں کسی کو اپنے گھر یا گلی میں جھاڑو دینے میں عذر نہیں۔ ریل گاڑی تک کی دھلائی ہر روز ہوتی ہے۔

**یا**

وطن عزیز بھی اسی طرح کے پیچیدہ حالات سے دوچار ہے جس کے باعث ترقی کی رفتار سست سے سست تر ہوتی جارہی ہے جس سے عوام معیارِ زندگی کو بلند کرنے میں مشکلات درپیش ہیں کسی بھی ملک کے عوام کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے لیے خوراک، رہائش، تعلیم، طبی سہولتوں اور دیگر اشیاء کا مناسب مقدار میں میسر ہونا ضروری ہوتا ہے۔ قومی نقطہ نظر سے بہتر زندگی کے لیے قوم کے ہر فرد کو اس کی ضروریات اور سہولیات کا میسر ہونا ناگزیر ہے جتنے کم افراد کو یہ سہولیات میسر ہوں گی اس قوم کا معیارِ زندگی اتنا ہی کم ہو گا۔

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی آسان لفظوں میں تشریح کریں: (7)

رخِ انور کا ترے دھیان رہے بعدِ فنا — میرے ہمراہ چلے راہِ عدم میں مشعل
صفِ محشر میں ترے ساتھ ہو تیرا مدّاح — ہاتھ میں ہو یہی مستانہ قصیدہ، یہ غزل

**یا**

دُکھ دیتے ہیں ایک ایک قدم پاؤں کے چھالے — منزل پہ پہنچنے کے بھی پڑ جاتے ہیں لالے
ہاتھوں سے اگر بیٹھ کے کانٹوں کو نکالے — ڈر ہے کہ نہ بڑھ جائیں کہیں قافلے والے
درماندوں کے لینے کو بھی آتا نہیں کوئی — تھک کر بھی کبھی بیٹھے، تو اُٹھاتا نہیں کوئی

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (3+3+3=9)

ناگہ چمن میں جب وہ گل اندام آگیا — گل کو شکست رنگ کا پیغام آگیا
اٹھا جو صبح خواب سے وہ مستِ پُرخمار — خورشید کف کے بیچ لیے جام آگیا
افسوس ہے کہ ہم تو رہے مستِ خوابِ صبح — اور آفتابِ عمر لبِ بام آگیا

**یا**

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہی رہ گئی، درمیان آتے آتے
میرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اُڑ گیا، آندھیاں آتے آتے
نہیں کھیل اے داغ، یاروں سے کہ دو — کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

سوال نمبر6: دو دوستوں کے درمیان مکالمہ لکھیے جس میں شاپنگ بیگ کے استعمال کے بارے میں گفتگو کریں؟

**یا**

اخبار کے لیے ”آشوب چشم کی وبا سے آگاہی اور سدباب“ سے متعلق آرٹیکل لکھیں۔ (5)

سوال نمبر7: آپ کے علاقے میں چوری کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں۔ اخبار کے مدیر کے نام ان کے متعلق ایک رپورٹ تحریر کریں۔ (5)

* * * * *

# اردو(لازمی)برائے گیارہویں جماعت

سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق

(کریکلم2006ء)

حصہ اوّل

**سوال نمبر1:**

| جزونمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|
| (1) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (2) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (3) | زبان شناسی | 10۔ مختصر اصناف کے طرزِ بیان سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (4) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (5) | زبان شناسی | 2۔ متعلق فعل کی تعریف و استعمال سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (6) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (7) | مہارتِ حیات | روز مرہ زندگی کے مسائل کے حوالے سے غیر رسمی خطوط لکھ سکے۔ داخلہ فارم، شناختی کارڈ فارم پُر کر سکے۔ |
| (8) | زبان شناسی | 7۔ اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے۔ |
| (9) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (10) | زبان شناسی | 2۔ متعلق فعل کی تعریف و استعمال سے آگاہ ہو سکے۔ |
| (11) | استحسان اور تنقید | 2۔ شاعری میں متعلقہ اصطلاحات کے تحت درج نکات کی شناخت کر سکے۔ |
| (12) | زبان شناسی | 8۔ لغت کو اشتقاق، مشتقات، وضعی و لغوی معنی، مجازی معنی، سلینگ، بول چال، اصطلاحی معنی اور دیگر ایسی اقسام کے حوالے سے استعمال کر سکے۔ |
| (13) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (14) | زبان شناسی | مرکب مصادر کو بطور معاون افعال سیکھ سکے۔ |
| (15) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (16) | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم و بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| (17) | زبان شناسی | 7۔ اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے۔ |
| (18) | زبان شناسی | 8۔ لغت کو اشتقاق، مشتقات، وضعی و لغوی معنی، مجازی معنی، سلینگ، بول چال، اصطلاحی معنی اور دیگر ایسی اقسام کے حوالے سے استعمال کر سکے۔ |
| (19) | زبان شناسی | تھیسارس کا مکمل استعمال جان سکے۔ |
| (20) | زبان شناسی | 8۔ لغت کو اشتقاق، مشتقات، وضعی و لغوی معنی، مجازی معنی، سلینگ، بول چال، اصطلاحی معنی اور دیگر ایسی اقسام کے حوالے سے استعمال کر سکے۔ |

## حصہ دوم

| سوالنمبر | جزونمبر | ذیلی جزونمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|---|
| 2 | (الف) | .i | استحسان اور تنقید | 4۔ کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| | | .ii | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | iii. | | واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iv. | | |
| | | v. | استحسان اور تنقید | 4۔ کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| | (ب) | i. | استحسان اور تنقید | 4۔ کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| | | ii. | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iii. | زبان شناسی | 10۔ مختصر اصناف کے طرزِ بیان سے آگاہ ہو سکے۔ |
| | | **یا** | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| یا | | | | |
| | | i. | استحسان اور تنقید | 4۔ کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| | | ii. | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iii. | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے۔ |
| | (ج) | i. | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | **یا** | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | | iii. | لکھنا | 1۔ ادب پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات، نتائج، کردار، واقعات کی تشریح استحسانی انداز میں لکھ سکے۔ |
| | (د) | i. | زبان شناسی | 7۔ اصنافِ سخن کی تعریف کر سکے۔ |
| | | ii. | زبان شناسی | 1۔ مرکب مصادر کو بطور معاون افعال استعمال کر سکے۔ |
| | | **یا** | زبان شناسی | 3۔ مکمل علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف کر سکے |

## حصہ سوم

| سوالنمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|
| 3 | | |
| 4 | استحسان اور تنقید | 4۔ کسی ادب پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے اور تشریح کر سکے نیز اہم نکات کا خلاصہ کر سکے۔ |
| 5 | | |
| 6 | انشا پردازی | 1۔ کسی بھی موضوع پر اپنے وسیع تر مطالعے کی روشنی میں ترتیب، استدلال، عمدہ مثالوں کے ساتھ منظر نگاری، مکالمہ نگاری، کردار نگاری، کہانی، انشائیہ یا مضمون وغیرہ کی صورت میں تحریر پیش کر سکے۔ |
| 7 | لکھنا | کھیلوں اور معاشرتی مسائل پر اخبار کے مدیر / متعلقہ محکمہ کو رپورٹ لکھ کر بھیج سکے۔ |

## URDU COMPULSORY HSSC-I

Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود<br>زبان شناسی | تدریجی مقصود<br>استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود<br>لکھنا | تدریجی مقصود<br>مہارتِ حیات | تدریجی مقصود<br>انشاپردازی | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **سمجھنا**<br>**Understanding Based** | 1(2)(1)، 1(4)(1)، 1(6)(1)، 1<br>(9)(1)، 1(10)(1)،1(14)(1)،1<br>(20)(1)<br>2د(ii)(2) | 2الف(i)(4)،2<br>الف(ii)(4)<br>2ب(i)(4)،3(3)،4<br>(4)،5(5) | 2الف(v)(4)،2الف(vi)(4)<br>2ج(i)(4) | | 6(2) | 47 | 47% |
| **یاد میں لانا**<br>**Knowledge Based** | 1(1)(1)، 1(3)(1)، 1(5)(1)، 1<br>(8)(1)، 1(12)(1)، 1(13)(1)، 1<br>(15)(1)، 1(18)(1)، 1(19)(1)<br>2ب(iii)(4)،2د(i)(4)، 2د(ii)(2) | 1(11)(1) | 2الف(iii)(4)،2الف(iv)(4)،<br>7(2) | 1(7)(1) | | 31 | 31% |
| **لاگو کرنا**<br>**Application Based** | 1(16)(1)، 1(17)(1)،<br>2ب(ii)(4) | 3(3)،4(3)،5(4) | 7(3) | | 6(3) | 22 | 22% |
| **Total Marks** | 34 | 35 | 25 | 1 | 5 | 100 | 100% |

Key:

2الف(i)(2)

سوال نمبر جزو(جزو کا جزو)(کل نمبر)

Note: (i) The policy of FBISE for knowledge base questions, understanding based questions is approximately 30% knowledge based, 50% understanding based and 20% application based.

(ii) The total marks specified for each unit/content in the Table of Specification is only related to this model question paper.

(iii) The level of difficulty of the paper is approximately 40% easy, 40% moderate and 20% difficult.